خبروں کا اعلامیہ

# اپنی رائے دیں: جدید، ڈیجیٹل خدمات

03جنوری، 2023 میڈیا انکوائریز

## البرٹنز کو آن لائن سروے میں آن لائن سرکاری خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اپنی ضروریات، توقعات اور ترجیحات کے بارے میں اپنی رائے دینے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

چاہے فوائد کو سنبھالنے کا کام ہو، قابل استطاعت رہائش اور بچوں کی دیکھ بھال کی تلاش ہو یا ڈرائیور کے لائسنس کی تجدید کاری کا کام ہو، البرٹنز پہلے سے کہیں زیادہ ڈیجیٹل حل استعمال کر رہے ہیں۔

البرٹا کا ٹیکنالوجی اور اختراعی شعبہ صوبے کے معاشی تنوع میں ایک محرک قوت ہے۔ یہ اہم ہے کہ حکومت ٹیکنالوجی کے ساتھ اپنی رفتار برقرار رکھے، اس لیے البرٹا کی حکومت اپنی خدمات کو جدید بنانے کے لیے ایک ڈیجیٹل حکمت عملی تیار کر رہی ہے۔ یہ حکمت عملی بہتر، تیزتر اور ہوشیارخدمات کی فراہمی کے لیے حکومت بھر میں جدت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز مہیا کرے گی۔

عوامی آن لائن سروے کے علاوہ، البرٹا کی حکومت ٹیکنالوجی کی صنعت کے رہنماؤں، پوسٹ سیکنڈری اداروں، صحت کی تنظیموں اور سودیشی (انڈیجنس)کمیونٹیز تک، ان کے خیالات سننے کے لیے پہونچے گی، کہ وہ البرٹا کے سرکاری محکموں کے ساتھ بہتر طریقے سے کیسے بات چیت کر سکتے ہیں ۔ جمع کردہ بصیرتیں البرٹا کی ڈیجیٹل حکمت عملی (Alberta’s Digital Strategy) کو تشکیل دینے میں مدد کریں گی۔

مکمل کرنےکے لیے یہ سروے، البرٹنز کے لیے 24 جنوری تک دستیاب ہوگا۔

### فوری حقائق

- البرٹا کی ڈیجیٹل حکمت عملی (Alberta’s Digital Strategy) تکنیکی ٹیموں، طریق کار اور ٹیکنالوجی اور اختراع کے لیے حکومت کے مجموعی نقطہ نظر کو جدید بنانے میں صوبے کی رہنمائی کرے گی۔
- چونکہ آن لائن خدمات، کام سے چھٹی کے وقت تعین کرنے کی ضرورت اور سفر کرنے اور بچوں کی دیکھ بھال کے انتظامات کرنے کی ضرورت کو ختم کر تی ہے، اس لیے البرٹنز کے وقت اور پیسوں کی بچت ہوتی ہے۔
- کسی بھی وقت، کہیں بھی، کسی بھی ڈیوائس کا استعمال کرتے ہوئے، البرٹنس کے لیے فی الحال 70 سے زیادہ آن لائن سرکاری خدمات دستیاب ہیں ۔
  - موسم بہار 2019 سے اب تک، 30 سرکاری خدمات آن لائن منتقل ہو چکی ہیں۔
  - فی الحال، ٹیکنالوجی اور اختراع (Technology and Innovation) دیگر محکموں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے تاکہ آنے والے سال میں 20 سے زیادہ اضافی خدمات کو آن لائن فراہم کیا جا سکے۔
  - جنوری سے دسمبر 2021 تک، alberta.ca کے ذریعے موبائل ڈیوائس سے رسائی میں 500 فیصد

اضافہ کے ساتھ ساتھ، سرکاری خدمات کے استعمال میں 300 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے ۔

- حالیہ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ 75 فیصد کینیڈینز اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ سرکاری خدمات آن لائن دستیاب ہونی چاہئیں۔

## متعلقہ معلومات

- ڈیجیٹل حکمت عملی شمولیت (Digital Strategy Engagement)

---

اس اعلان کو آن لائن دیکھیں
حکومت البرٹا نیوز روم
حکومت سے رابطہ کری
ان سبسکرائب کریں (Unsubscribe)